Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ محرم الحرام سنہ ۱۳۴۶ھ مطابق ۱۸ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء	نمبر ۳۰

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

انچلاج

(۲۰ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء)

سفر ذیرہ دون میں چیف میڈیکل افسر ساتھ ہونگے اس لئے انکی عدم موجودگی میں لفٹننٹ سید اقبال حسین ملٹری اسسٹنٹ سرجن انچارج اسٹیٹ ہاسپٹل مقرر کئے جاتے ہیں ... الاؤنس انچارجی ... ماہوار ... اسسٹنٹ ہاسپٹل ...

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔

... اقلام ...

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت انچارجی سید اقبال حسین صاحب	۱
۲	اضافہ ... برکت شاہ صاحب	۲
۳	بابت منتقلی صیغہ صفائی	۲
۴	بابت ادائے لباس جیل خانہ	۲
۵	بابت معائنہ حسابات کلکٹری	۲و۳
۶	مسدودی الاؤنس ... واپسی ...	۳
۷	ضابطہ ... اہلکاران آبکاری	۳
۸	... فروشان	۳و۴
۹	بابت ...	۴
۱۰	[illegible]	۴
۱۱	[illegible]	۴
۱۲	... خان ...	۴
۱۳	... بابت ...	۴و۵
۱۴	نسبت مطالبہ وصول جیل خانہ	۵
۱۵	بابت ...	۵و۶
۱۶	[illegible]	۶
۱۷	[illegible]	۶
۱۸	... بابت ... پولیس	۶
۱۹	تقرر ...	۶
۲۰	رخصت ...	۷
۲۱	...	۷
۲۲	...	۸
۲۳	[illegible]	۸
۲۴	تقرر ... صاحب	۸و۹
۲۵	[illegible]	۹

اضافہ

۲۲ جون ۱۹۲۷ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری اضافہ تنخواہ مبلغ پچاس روپیہ ماہانہ بابو ہر پرشاد منیجر دوکان خزانہ از یکم اکتوبر ۱۹۲۶ء بوجہ حسن انجام دہی کام۔

حکم

بابو ہر پرشاد منیجر دوکان خزانہ کی تنخواہ موجودہ مین پچیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

مستقلی

۲۴ جون ۱۹۲۷ء

مثبتہ رپورٹ عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم مشعر اسکے کہ صیغہ صفائی کا کام غیر مستقل طریقہ سے صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے سپرد ہوا تھا جسکی میعاد ۱۵ جون سنہ حال کو ختم ہوگئی۔ اس عرصہ میں صیغہ صفائی کا کام صاحب ملٹری سکریٹری بہادر نے اچھا کیا۔ بدانست جان نثار صیغہ مستقل طور سے اُنکے سپرد فرمایا جائے۔

حکم

صیغہ میونسپلٹی چند ماہ کے واسطے امتحاناً صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے تفویض کیا گیا تھا۔ مدت امتحانی ۱۵ جون کو ختم ہوگئی۔ آیندہ کے لئے حسب تجویز نواب ولیعہد بہادر مستقل طور سے یہ صیغہ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے سپرد کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ صدر سے جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۶ جون ۱۹۲۷ء

جو لوگ بجلی گھر کی ادائگی مین کنزیومرس تاخیر کرتے ہیں جسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ رقوم رہ جاتے ہین اور بل بقایا مین دقت پیش آتی ہی۔ آیندہ کے لئے یہ انتظام کیا جاتا ہے کہ تاریخ وصول بل سے پندرہ دن کے اندر اگر رقم ادا نہ ہوجائے تو رقم بل میں فیصدی زائد واجب الادا ہوجائیگی۔ فارم بل میں عبارت ذیل رقوم درج ہوا کرین یعنی ایٹم دار مطالبہ کے بعد

(الف) ٹوٹل بل قوت برقی وغیرہ .... روپیہ آنہ پائی رقم

(ب) اگر کل رقم وصول بل ہذا سے پندرہ دن کے اندر ادا نہ ہوجائے تو ......

اور اُسکے ساتھ یہ شرط بھی فارم مذکور میں تحریر ہونی چاہیے کہ وصول بل سے دو ماہ کے اندر اگر رقم مندرجہ (ب) وصول نہ ہوگی تو سلسلہ قوت برقی منقطع کر دیا جائیگا۔ اور دوبارہ اجرا کے لئے بل کی ادائگی کے علاوہ دو روپیہ فیس بھی دینا ہوگی۔

آیندہ ان امور کی بجلی گھر سے بغیر رعایت کے سختی کے ساتھ پابندی کیجائے۔ اگر کسی کنزیومر سے وصول بل کے پندرہ دن بعد اصل رقم یعنی (الف) وصول کیجائے تو محکمہ آڈٹ بجلی گھر کا حساب دیکھتے وقت اس بل کی ادائگی کو درست تسلیم نکرے۔ مندرجہ بالا شرائط سے سوائے محکمہ جات سرکاری کے اور کوئی مستثنےٰ نہ ہوگا۔ خواہ ملازم سرکار ہو یا نہو کسی سرکاری محکمہ سے اگر تاریخ بل سے دو ماہ کے اندر مطالبہ وصول نہو تو اجلاس ہذا مین رپورٹ کیجائے۔ وہاں سے وصول کے لئے کارروائی ضابطہ کیجائے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام جاری ہوں۔ ایک نقل روبکار ہذا کی جملہ سکریٹری صاحبان بہادر ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس بغرض اطلاع اور صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت وتعمیرات کے پاس بغرض تعمیل بھیجی جائے۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

بااجرائے احکام جملہ صیغہ جات ماتحت کو تاکید کیجائے کہ حسب الحکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم تاریخ وصول بل سے دو ماہ کے اندر اگر رقم بل ادا نہ ہوگی اور اجلاس ممدوح تک شکایت کی نوبت پہنچیگی تو اہلکاران متعلق سے سخت تدارک کیا جائیگا۔ المرقوم ۳۰ جون ۱۹۲۷ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۷ جون ۱۹۲۷ء

کہ بذات حسابی صیغہ برقی روشنی کے معائنہ سے واضح ہوا کہ کثیر رقم مطالبہ وصول طلب باقی ہے جسکے وصول کے متعلق علیحدہ روبکار جاری کیا گیا۔ علاوہ

کہ اگر صیغہ جات ماتحت ۔ انہار ۔ تعمیرات ۔ آبکاری ۔ نزول ۔ میونسپلٹی کا بھی حال معلوم ہو۔ کہ ان صیغہ جات کی کسقدر رقم سبیل طلب ہے ۔ تاکہ اُسکے وصول کے لئے مناسب تجاویز کیجا سکیں ۔ لہذا جملہ سکرٹیری صاحبان بہادر صیغہ جات ماتحت اپنے اپنے صیغہ جات متعلقہ کی مفصل فہرستیں مطالبہ وصول طلب کی مرتب کراکے جلد اجلاس ہذا میں روانہ کریں ۔ یہ مطالبہ جات خواہ عام علایا کے ذمہ ہوں یا ملازمان سرکاری کے یا صیغہ جات سرکاری کے ذمہ ہوں سب لکھے جائیں ۔ مثلاً اسٹاک تعمیرات سے دیگر صیغہ جات سرکاری کو جو سامان دیا اُسکا مطالبہ قایم ہوتا ہے ۔ غرض ہر صیغہ کا جو جو مطالبہ جس جس سے قابل وصول ہو درج فہرست کیا جائے ۔ فہرستوں میں نام و پتہ مفصل تحریر ہو۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک ایک نقل جملہ سکرٹیری صاحبان بہادر صیغہ جات ماتحت کو بھیجی جائے ایک نقل اندراج گزٹ کے لئے مطبع مرسل ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقعہ ۲۰ر جون ۱۹۲۶ء

صاحب سپرنٹنڈنٹ پرنس ہاؤس ہولڈ کو پچاس روپیہ ماہوار الاؤنس عطا ہونے کا حکم ہے کہ بحالت سفر جبکہ انکو بھتہ ملے یہ الاؤنس ملیگا ۔ ۲۰ مئی شام کو سفر ختم ہوا ہے ۔ ۲۳ر جون ۱۹۲۶ء سے الاؤنس مقررہ تا واپسی ڈیڑھ دن مسدود ہو

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقعہ ۲۱ر جون ۱۹۲۶ء

بموجب رپورٹ ۔ پیشکار آبکاری ۔ اہلمد آبکاری ۔ تحویلدار آبکاری کا پانچ پانچ روپیہ فی اسم الاؤنس مقرر کیا جانا منظور ہے ۔ اور دیگر مراتب مندرجہ رپورٹ کی بھی منظوری دیجاتی ہے ۔ ایک اسم سپاہی کی اسامی جدید کی بمشاہرہ چھ روپیہ ماہانہ منظوری دیجاتی ۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں ۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

بحضور مرشد زادہ آفاق نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

غریب پرور سلامت

جناب عالی

صیغہ نزول کا کام محکمہ مال سے منتقل ہوکر ترقیخواہ کے سپرد کیا گیا ہے ۔ اور صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری افسر نزول مقرر کئے گئے ہیں ۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری نے اپنی رپورٹ کے ساتھ باضافہ رقم بجٹ چند سفارشیں کی ہیں ۔ جنپر بوقت ترتیب بجٹ غور کیا جاسکتا ہے ۔ سردست حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری پیشکار آبکاری ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اہلمد آبکاری ۔ تحویلدار آبکاری کو الاؤنس فی کس پانچ پانچ روپیہ ۔ اور ایک اسامی سپاہی جدید کی تقرر کی بمشاہرہ چھ روپیہ ماہوار منظوری صادر ہونا کافی ہے ۔ جو بجٹ صیغہ نزول سے ہوگی ۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری نے نزول کا کام صاحبزادہ عبد المغنی خان سب انسپکٹر آبکاری کے سپرد کیا ہے لیکن بہ دست ترقیخواہ بہتر ہے کہ صاحبزادہ عبد المغنی خان کی بجائے خان عالی منصور علیخان سب انسپکٹر آبکاری کے سپرد یہ کام کیا جائے ۔ صاحبزادہ عبد المغنی صیغہ آبکاری میں مقابلتاً زیادہ کار آمد ہیں ۔ لہذا عرضداشت ہذا مع جملہ کاغذات متعلقہ بغرض صدور حکم منظوری حسب صراحت بالا پیش ہے ۔ بعد صدور حکم منظوری کاغذات مسلکہ واپس مرحمت فرمائے جائیں ۔ والادب

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقعہ ۲۸ر جون ۱۹۲۶ء

۱۔ ہمکو خاص ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ہماری روانگی ڈیڑھ دو دن کے بعد شہر میں پھر خفیہ فروشی کوکین بکثرت ہونے لگی ۔ چنانچہ پرانے گنج میں چند مقامات پر برابر کوکین بک رہی ہے ۔ اور شہر کے دیگر مقامات پر بھی خفیہ فروشی ہو رہی ہے ۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس اور صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری فوراً خاص طور سے اسکا انتظام کریں اور مفصل کیفیت لکھیں ۔

۲۔ معلوم ہوا کہ تھانہ اور چوکیات پولیس کا انتظام بھی خراب ہو چلا ہے ۔ اہل شہر کو شکایات ہیں ۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس ہماری عدم موجودگی میں خاص طور سے بہ نسبت پولیس کی دیکھ بھال رکھیں ۔ صیغہ آبکاری تو سابق سے اور پولیس تا قیام ڈیڑھ دن صاحب سکرٹیری بہادر صنعت و حرفت کے تفویض ہے ۔ وہ بھی اس جانب خاص توجہ کریں ۔ تو مناسب ہے ۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک ایک نقل صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے پاس صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو - ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۸ جون سنہ ۱۹۲۰ء

نسبت پولیس سے تانگہ سائیکل وغیرہ لالٹین جلانے کی رپورٹیں اجلاس ہذا میں آ رہی ہیں - حالانکہ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کو انہیں معاملات کے متعلق اختیارات مجسٹریٹی دے گئے ہیں اور آنریری مجسٹریٹ کا بھی تعین ہوا ہے - معاملات دفعہ (۳۴) اور دیگر معاملات متعلق ایکٹ ۵ پولیس سے بصورت مقدمات پیش ہونیکی ضرورت ہے - جو معاملات تیسرے درجہ کی مجسٹریٹی اختیارات کے اندر ہوں وہ ضرور آنریری مجسٹریٹ کے پاس جانا چاہیے اور جو معاملات دوسرے درجہ کی مجسٹریٹی اختیارات سے متعلق ہوں وہ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر طے کریں - اور بقیہ معاملات متعلق ایکٹ ۵ علاوہ دفعہ (۳۴) کے اجلاس ہذا میں آنا چاہیے -

آنریری مجسٹریٹ کے پاس پیشی کے کام کے لئے کسی اہلکار میونسپلٹی کو نامزد کیا جائے اسکو کچھ الاؤنس دیا جائیگا -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک ایک نقل صاحب ملٹری سکریٹری بہادر - صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو - ایک نقل اندراج گزٹ کے لئے مطبع بھیجی جائے -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۸ جون سنہ ۱۹۲۰ء

حسب ایماء بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم - تانگہ - ریلو - رتھ وغیرہ سواریاں گاڑیخانہ سرکاری قانون روشنی گاڑیاں سے مستثنے کئے جاتے ہیں - گاڑیخانہ کے کوئی نشان سواریان گاڑیخانہ پر ڈالدیا جائے تاکہ انکی شناخت رہے - اور اسی نشان سے میونسپلٹی اور پولیس کو اطلاع ہونا چاہیے -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس ایک نقل سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس - ایک نقل درج گزٹ کے لئے مطبع بھیجی جائے -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

منتقلی اسم

۲۹ جون سنہ ۱۹۲۰ء

مثبتہ عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت در بارہ تخفیف اسامی منشی سلطان حسین صاحب پیشکار از صیغہ اسٹیٹ فیکٹریز و منتقلی اسم نامبردہ بصیغہ نزول بشاہرہ موجودہ پچاس روپیہ از یکم جولائی سنہ حال -

حکم

بموجب رپورٹ سلطان حسین پیشکار کا نام اسٹیٹ فیکٹریز سے بہ تخفیف اسامی صیغہ نزول میں منتقل ہو - تنخواہ بھی نزول سے ملیگی - یکم جولائی سنہ ۱۹۲۰ء سے عمل درآمد کیا جائے - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

اضافہ

۳۰ جون سنہ ۱۹۲۰ء

مثبتہ عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر انہار در بارہ اضافہ پانچ روپیہ ماہوار تنخواہ منشی عزیز احمد خان پیشکار صاحب ایگزیکٹیو انجنیر انہار بشاہرہ موجودہ بوجہ کثرت کار وغیرہ -

حکم

بموجب رپورٹ - عزیز احمد خان پیشکار انجنیر انہار کی تنخواہ موجودہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ یکم جولائی سنہ ۱۹۲۰ء سے منظور ہو - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

ضوابط سرو دریافت کیا گیا تھا کہ فی الحال ضوابط انہار کیوجہ سے آمدنی ضوابط پر کیا اثر پڑا ہے وہ مفصل طور پر بصراحت لکھی جائیں ضوابط کی تفصیل اور جواب آپ پر صاحب مہتمم بندوبست نے فرمایا ہے مفصل نوٹ لکھا ہے اول اس باب میں صاحب سکریٹری بہادر انہار نے مفصل حال درج کیا ہے - بجنسہ صاحب انہار سے صاحب مہتمم بندوبست کے نوٹ کے متعلق مشورہ کرکے مفصل حالات لکھی جائے -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل روبکار ہذا کی درج گزٹ ہو مرسل ہو روبکار مع جملہ کاغذات صاحب سکریٹری بہادر انہار کے پاس مرسل ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۲؍جولائی ۱۹۲۷ء

عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت مورخہ یکم جولائی ۱۹۲۷ء تحت روبکارہائے ۵، ۲۲ و ۲۶؍جون ۱۹۲۷ء بابت وصول مطالبہ بجلی گھر بغرض صراحت بعض امور پیش ہوکر واضح ہوا کہ پرائیویٹ کنزیومرس کے ذمہ بجلی گھر کا مطالبہ تعدادی ... تھا جس میں سے اب ... وصول ہوگیا ہے۔ یہ کارروائی متعلق وصول بقایا صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کی قابل تحسین ہے۔ لیکن اگر ایک خاص مدت کے بعد کرنٹ بند کر دینے قانون کی زیادہ سختی سے پابندی کیجاتی تو غالباً یہ مطالبہ بھی وصول ہوچکا ہوتا۔ صیغہ جات سرکاری سے بقایا وصول ہونیکے لئے کارروائی کیجارہی ہے

۲۔ روبکار اجلاس ہذا مورخہ ۲۵؍جون ۱۹۲۷ء صرف سرسری ہدایات پر مبنی تھا۔ تفصیلی احکام روبکار ۲۶؍جون ۱۹۲۷ء میں جاری کئے گئے ہیں اسلئے آخرالذکر کی تعمیل لازم ہے۔

۳۔ تاریخ وصول بل سے پندرہ روز کے اندر رقم ادا کرنیکے لئے آئندہ ریٹ ادنیٰ ہوگا اور اس کے بعد ادا کرنیکی حالت میں ریٹ زیادہ ہوجائیگا اسلئے وصول مطالبہ پر کچھ مدت بڑھ جانیسے نقصان کا اندیشہ نہیں آئندہ کرنٹ کے اجرا کیلئے دو روپیہ فیس لیجانا چاہئے۔

۴ نمبر مذکورہ بالا میں صراحت کردی گئی ہے۔ بل بجلی کے ہر ماہ کی ۱۵ تک ادا ہونگے۔ تاریخ وصول بل سے پندرہ دن کے اندر واجب الادا ہوگا۔ ورنہ ریٹ بڑھ جائیگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام مطابقہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو ایک ایک نقل جملہ سکریٹری صاحبان بہادر کے پاس ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۳؍جولائی ۱۹۲۷ء

معائنہ کاغذات سے واضح ہوا کہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کی عرضداشت اور نقل ڈمی او مشمولہ میں مضمون کا اختلاف ہے۔ عرضداشت میں از اول تا آخر فراہمی دودھ گھی میں میونسپلٹی سے امداد کا ذکر ہے۔ یعنی صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کا منشا یہ ہے کہ فراہمی دودھ و گھی میں میونسپلٹی سے امداد دیجائے۔ امداد کے متعلق جسقدر فقرات اس عرضداشت میں درج ہیں ان کے نیچے دو سرخ خط لگا دئے گئے ہیں۔ لیکن نقل ڈمی او میں جس فقرہ کے نیچے دوہرا خط لگا دیا ہے اوسکا یہ منشا معلوم ہوتا ہے کہ میونسپلٹی دودھ اور گھی فراہم کرے۔ اس فقرہ اور عرضداشت کے فقرات میں بہت فرق ہے۔ فراہمی کسی شے کی ایک کام ہے۔ اور اس فراہمی میں مدد دینا یہ دوسرا کام ہے۔ دودھ اور گھی کی جانچ بحیثیت ناقص اور عمدہ ہونیکے متعلق میونسپلٹی ہوئی ہے۔ جو اصولاً پبلک ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کے (جو زیر اثر میونسپلٹی ہے) متعلق ہونا ہی چاہئے رہا اوسکی فراہمی کا معاملہ یہ متعلق اختیارات (نرخ) ہے جس کا تعلق بدستور علی حالہا صیغہ مال ہی سے ہے۔ لیکن اسیری صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے اصرار سے ونیز اس خیال سے کہ بصورت تعلق جانچ اچھائی اور برائی دودھ و گھی۔ میونسپلٹی کا بھی اثر ہوگا۔ اسلئے روبکار ۲۴؍مئی ۱۹۲۷ء میں جس کا حوالہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر نے نقل ڈمی او میں دیا ہے۔ یہ لکھ دیا گیا ہے کہ میونسپل سکریٹری تحصیلدار کو فراہمی دودھ گھی میں مدد دینگے اسکے خلاف صورت یعنی فراہمی دودھ و گھی کلیتاً میونسپلٹی کے متعلق ہو۔ اس تعمیل سے میونسپلٹی قاصر رہیگی۔ اسواسطے کہ میونسپلٹی اچھے برے گھی دودھ کی جانچ کریگی۔ نرخ کا تعلق تحصیل سے ہے اور ہمیشہ فراہمی اشیاء کا کام تحصیل سے ہی ہوا ہے۔ میونسپلٹی کے اس تعلق جانچ سے تحصیل کے اوس قدیمی کام فراہمی پر کوئی برا یا خلاف اثر نہیں پڑتا۔

ان باتوں سے قطع نظر ایک دوسرے نقطہ خیال سے یہ ظاہر کردینا بھی ضروری ہے کہ ہر ملازم پبلک سرکاری کا فرض ہے کہ ضروریات سرکار کے وقت خواہ اسکے فرائض ملازمت میں داخل ہوں یا نہ ہوں بقدر ممکن (اگر اوس ملازم سے اون ضروریات کا تعلق پیدا ہوتا ہو) اسکی تعمیل میں کوشش کرے تاکہ ہرج کار سرکار نہ ہو تو وہ ملازم قابل الزام ہے۔

اس خیال سے اور نیز جبکہ دودھ اور گھی کی فراہمی کیلئے حکم سابق میں صراحت ہے کہ میونسپل سکریٹری مدد دینگے۔ تو پھر اونکا یہ جواب دینا جسکا ذکر نقل ڈمی او صاحب ریونیو سکریٹری بہادر میں ہے اور جسکے تحت میں سرخ دوہرا خط لگا دیا ہے کہاں تک صحیح ہے۔

صاحب ملٹری سکریٹری بہادر اس بابت صاحب میونسپل افسر کا جواب لیکر

بھیجیں اور برائے آیندہ مستحکم انتظام کردیں کہ ایسی صورتیں پیش آئیں جنمیں سرکاری کام کے ہرج کا اندیشہ ہو۔ اور روبکار مجریہ سابقہ ۳۰ مئی ۱۹۲۷ء کی بے کم وکاست بجنسہ تعمیل کیا جائے۔

سررشتہ صدر سے ایک نقل جملہ کاغذات کی بلحاظ تکمیل آج ہی ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس بھیجی جائے۔ جن فقرات کے نیچے سرخ خطوط ہیں نقل میں صدر سے سرخ خطوط لگا دئے جائیں۔ بعد اجرائے نقل اصل جملہ کاغذات صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بحضور مرشدزادہ آفاق نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

غریب پرور سلامت

جناب عالی

جب صیغہ نزول کے تبادلہ اور دودھ گھی کی جانچ ونگرانی تحصیل سے نکلکر میونسپلٹی کے سپرد ہونیکی تجویز درپیش تھی تو اس وقت تر تنخواہ نے عرض کیا تھا کہ دودھ اور گھی کی نگرانی تحصیل سے نکلنے میں سرکاری ضرورت کے لئے دودھ اور گھی جو ذریعہ تحصیل فراہم ہوتا ہے اوس میں بہت دقت پیش آئیگی۔ اسپر حضور نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ ہم اسکا انتظام کردینگے میونسپلٹی تحصیلدار کو مدد دیگی۔ اب جو سرکاری خاصہ کے لئے گھی کے لئے اور نیز عشرہ کے مصارف کیواسطے فراہمی دودھ کی ضرورت پڑی تو معلوم ہوا کہ کوئی خاص صاف طور سے حکم میونسپلٹی کو تحصیلدار کی مدد کرنیکے لئے نہیں ہوا ہے۔ اسلئے سکریٹری میونسپلٹی نے مدد دینے کو انکار کیا۔ اوسپر تر تنخواہ نے ذریعہ ٹیلیفون صاحب ملٹری سکریٹری بہادر سے بات چیت کی اور مفصل حالات زبانی اونسے بیان کئے تو صاحب موصوف نے شہر سے فراہمی دودھ میں مدد کرنیکا وعدہ کیا۔ لہذا تر تنخواہ نے صاحب موصوف کو اس بارہ میں ایک مفصل ڈی او لکھکر بھیجدیا۔ جسکی نقل شامل ہے اوس سے مفصل حالات معلوم ہونگے لہذا گذارش ہے کہ فراہمی شیر و روغن زرد کی بابتہ میونسپلٹی کو تحصیلدار حضور تحصیل کی کافی مدد دینے کے لئے صاف حکم صادر فرمایا جائے ورنہ فراہمی دودھ قریب قریب کل طور پر ناممکن ہوگا۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
تر تنخواہ ۹ جولائی ۱۹۲۷ء

نقل ڈی او از تر تنخواہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۹ جولائی ۱۹۲۷ء

بخدمت شریف جناب ملٹری سکریٹری صاحب بہادر   جناب من

سرکار دولتمدار کے خاصہ کے واسطے بوقت گھی درکار ہے اوسکے لئے دودھ کی ضرورت ہے۔ اور آج سے عشرہ محرم کے لئے بھی بہت زیادہ مقدار میں دودھ کی مانگ سرکاری ضرورت سے ہے قریب وجوار کے دیہات سے جسقدر دودھ ملنا ممکن ہوا اوسکا انتظام تحصیل کررہی ہے۔ اور بہت سے دیہات کا دودھ جو حلوائیوں کے لگا ہوا ہے وہ تحصیل کو نہیں ملتا ہے حلوائیوں کے یہاں آتا ہے۔ اور شہر میں جو دودھ ہوتا ہے وہ بھی حلوائیوں کے یہاں آتا ہے۔ جب سے نزول تحصیل سے نکلی ہے۔ اور نیز نگرانی گھی دودھ تحصیل سے علیحدہ ہوئی ہے اسوقت سے شہر کے دودھ پر تحصیل کا کچھ اثر نہیں ہے۔ اور نہ وہ تحصیل کو مل سکتا ہے۔ جسوقت نزول ونگرانی دودھ گھی تحصیل سے منتقل ہوئی تھی اسوقت بامر ارجناب نواب ولیعہد بہادر سے عرض کیا گیا تھا۔ اس صورت میں تحصیل دودھ گھی کا انتظام نہیں کرسکیگی حضور ممدوح نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ ہم اسکی بابتہ خاص طور سے احکام جاری فرمائینگے کہ میونسپلٹی خاص طور سے تحصیلدار کو اس میں مدد دے۔ آج جب فراہمی دودھ کی اشد ضرورت ہوئی اور میونسپلٹی سے تحصیلدار نے شہر کے دودھ کی فراہمی کے متعلق مدد چاہی تو صاحب میونسپل سکریٹری نے تحصیلدار کو ۳ جون ۱۹۲۷ء کو یہ جواب لکھا کہ ہم سے تعلق تو صرف گھی دودھ کی جانچ کا ہے اور ہمارے لئے کوئی حکم ایسا نہیں ہے کہ ہم فراہمی دودھ میں مدد دیں اس پر میں نے گزٹ مطبوعہ ۲۹ مئی ۱۹۲۷ء کو نکلوا کر دیکھا تو عالیجناب نواب ولیعہد بہادر کی عرضداشت میں جو بابتہ عام منظوری انتقال صیغہ نزول ونگرانی دودھ گھی ہونے متعلق میونسپلٹی اجلاس ہمایوں میں پیش کی گئی تھی اوس میں متعلق معاملہ زیر بحث صرف اس قدر تحریر ہے کہ (رسد دہور عشرہ ٹھیکہ رسد خاص باغ یہ کام خاص تحصیل سے تعلق رکھتے ہیں الابشرط ضرورت تحصیلدار میونسپلٹی کے سکریٹری اور صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری سے مدد لے سکتے ہیں) اسکے علاوہ فراہمی شیر وگھی کی بابت کچھ درج نہیں ہے۔ جو میونسپل سکریٹری نے لکھا ہے وہ ٹھیک ہے مگر مجھے خاص طور پر زبانی عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہ نے فرمایا تھا کہ ہم

خاص طور پر لکھینگے - بغیر ... شہر کے دودھ کی ناممکن ہے کہ سرکاری ضروریات کیلئے پُر فراہم ہوسکے - لہذا آج میں اپنی عرضداشت بحضور عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم بھیجتا ہوں کہ اسکی اصلاح ہوجائے - اور آیندہ یہ معاملہ صاف ہوجائے اور کوئی وقت پیش نہ آئے - میں نے جواب اس بابت ٹیلیفون میں گفتگو کی تو جناب نے یہ فرمایا کہ میں ضرور ان میں تحصیلدار کو ... دونگا یعنی شہر سے فراہمی دودھ میں لہذا اسوقت جو وقت درپیش ہے یقین ہے کہ آپکی اس مدد سے وہ دقت رفع ہو جائے اس ڈیاوکے ذریعہ سے میں تحصیلدار صاحب حضور تحصیل کو جناب کیتہ تعین بھیجتا ہوں آپ مدد فرماویں -

نیازمند

دستخط صاحب ڈپٹی سکرٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۴؍ جولائی ۱۹۲۷ء

بنظر مصالح انتظامی حکم ہوا کہ

اشفاق النبی خان سب انسپکٹر تھانہ شاہ آباد سے تھانہ ٹانڈہ ... اور مجلہ ... سب انسپکٹر تھانہ ٹانڈہ سے تھانہ شاہ آباد تبدیل ہوں - سررشتہ صدر سے بلا لحاظ تعطیل احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۵؍ جولائی ۱۹۲۷ء

انچارج صاحب سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاؤس ہولڈ محمد احمد محرر باورچیخانہ صیغہ پرنسز کی شکایت کرتے ہیں اس قصور پر محمد احمد محرر کا دو روپیہ ماہوار تنخواہ موجودہ میں تنزل کیا جاتا ہے برائے تین ماہ - آئندہ کے لئے ملازم مذکور کو تنبیہ کیجائے کہ وہ اپنی حالت درست کرے - ورنہ حکم مناسب دیا جائیگا -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے حسب ضابطہ احکام جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۹؍ جولائی ۱۹۲۷ء

نقشہ جرائم ہفتہ واری و ماہواری جون ۱۹۲۷ء ملاحظہ ہوئے - بمقابلہ جون سالگذشتہ اس ماہ میں کوتوالی و بعض تھانہ جات مثلاً کیمری و شاہی و عظیم نگر کی کارروائی بھی اچھی نہیں ہے - چیف پولیس کی بھی یہی دلیل ہے - صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کوشش کریں کہ پولیس کی حالت ٹھیک ہو اور وہ اپنے فرائض محنت و دیانتداری سے انجام دے تاکہ جرائم کا انسداد ہو اور رعایا پریشانی سے محفوظ رہے - سرقہ کی وارداتوں کے متعلق خاص طور پر انتظام رکھا جائے کہ یہ وارداتیں نیز چھوٹے جرائم غیر دست اندازی کے کثرت سے ہو رہے ہیں - انکی بھی انسداد کی ضرورت ہے - کیونکہ بسا اوقات یہ چھوٹے چھوٹے جرائم نقض امن کا باعث ہوتے ہیں اور شدید جرائم تک نوبت پہنچتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے اصل روبکار ہذا معہ نقشہ جات مشمولہ بغرض انتظام مناسب و پابندی حکم مندرجۂ بالا صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو - ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۹؍ جولائی ۱۹۲۷ء

بنظر مناسب و مصالح انتظامی حکم ہوا کہ

صاحبزادہ توسل حسین خان و شبیر علی خان سپرنٹنڈنٹان صفائی کا دو دو روپیہ ماہوار تین ماہ کے لئے تنزل کیا جائے - سررشتہ صدر سے بلا لحاظ تعطیل احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۶؍ جولائی ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس مسمی اظہار حسین کا تقرر مشاہرہ ... بجگہ ... اجلاس ہذا منظور ہے -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - تنخواہ صیغہ انڈر سکریٹری ...

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
رخصت

۳۰ر جون ۱۹۲۶ء

مثبتہ نوٹ صاحب مہتمم بندوبست دربارۂ منظوری رخصت مزید سید عابد حسین گرداور قانونگو تحصیل ٹانڈہ ۱۲ر جون ۱۹۲۶ء لغایت ۳۰ر جون ۱۹۲۶ء بکار گردگی ٹبولال پٹواری کر یا تحصیل ملک بدین شرط کر ان ایام کی تنخواہ ایک ثلث ٹبولال پٹواری انچارج کو اور دو ثلث گرداور رخصتی کو دی جاوے

حکم

حسب تصریح رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست بوجہ بیماری سید عابد حسین گرداور کی رخصت ۳۰ر جون ۱۹۲۶ء تک منظور ہے تنخواہ ایک ثلث ٹبولال پٹواری کو اور دو ثلث گرداور رخصتی کو دی جاوے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۷ر جون ۱۹۲۶ء

حسب منشاء حکم بزرگان عالی دام اقبالہم بلحکم عہدہ ایڈیشنل جج تخفیف کیا گیا مولوی ضیاء الحق پیشکار عدالت خفیفہ کو جو دس روپیہ ماہوار الاونس بابت کام سرشتہ ایڈیشنل ججی ملتا تھا وہ آیندہ انکی تنخواہ میں شامل کیا گیا صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج کی خواہش پر سپاہیان نجف علی خان و نور شاہ سپاہیان متعینہ ایڈیشنل جج بجائے نبن خان و مدن خان سپاہیان عدالت ججی کو تبدیل کیئے جائیں۔ اور نبن خان و مدن خان مذکور تخفیفاً برخاست کیئے جائیں بوجہ تخفیف ہو جانے عہدہ ایڈیشنل ججی کے اب جدید سپاہیان کی تقرر کی ضرورت نہیں ہے تخفیف شدہ اشخاص کی وردی وغیرہ صاحب ڈسٹرکٹ جج داخل کرلیں۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں حکم منظوری شامل روبکار ہذا ہو

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۷ر جون ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ مہتمم صاحب مطبع دربارہ کیفیت تاخیر طبع فرمایشات اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم

مہتمم صاحب کی رپورٹ ملاحظہ ہوئی مہتمم صاحب کی سخت غفلت ہے کہ اس مدت سے عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم کے اجلاس کی فرمایشیں بلاتعمیل پڑی رہیں۔ حالانکہ ہدایت کردی گئی ہے کہ اجلاس موصوف الذکر کی فرمایشیں فوراً طبع کرائی جائیں۔ مہتمم صاحب کو کام باسلوب انجام دینے کے لیئے بارہا تاکید کی جاتی ہے۔ مگر اثر کچھ نہیں ہوتا۔ اگرچہ جس شخص کے پاس یہ فرمایشات پڑی رہیں وہ ذمہ دار ہے۔ لیکن مہتمم صاحب بھی ذمہ داری سے بری نہیں ہیں۔ کہ انہوں نے خبر نہیں رکھی مہتمم صاحب کو آیندہ سمجھ کر کام کرنے کی تنبیہ کی جاتی ہے۔ اور سلامت اللہ خاں خوشنویس پر اس قصور میں کہ اس نے اس مدت تک فرمایشات ڈال رکھیں نہ خود کاپی لکھی نہ اپنے پاس پڑے رہنے کی اطلاع کی۔ دو روپیہ جرمانہ کیا جاتا ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور نقل گزٹ میں شائع ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
تقرر

۱۶ر جون ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس مدرسہ میران پور تحصیل سوار میں سید اکمل ولد اللہ بخش ششم پاس کا تقرر گیارہ روپیہ ماہوار تنخواہ پر امتحاناً برائے ۳ ماہ کیا گیا لہذا

حکم ہوا کہ

ملخص حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر
واقع ۲۹ر جون ۱۹۲۶ء

بحکم ۲۲ر جون ۱۹۲۶ء اجلاس مرشد زادہ آفاق نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم تقرر ممبران میونسپل بورڈ منظور فرمایا گیا ہے اور ایک ممبر پبلک کیلئے ارشاد نافذ ہوا ہے کہ تجویز کردیا جائے جس کے لیئے فہرست ممبران پبلک میں خانہ نمبر ۹ خالی ہے رجسٹر میٹنگ کمیٹی ملاحظہ کیا گیا۔ سید شبو صاحب خلف سید ہوجا کی اس صاحب دیرینہ ممبر میونسپل کمیٹی ہیں اور جلسہ ہائے کمیٹی میں شرکت بہت کثیر تعداد میں پائی گئی اور علاوہ اس کے

کیمٹی سود کے بھی ممبر ہین اور کام بھی دلچسپی سے کرتے ہین - لہذا

حکم ہوا کہ

ساہو شبیر چند اس صاحب خلف ساہو جانکی داس صاحب کا تقرر حسب اجازت اجلاس اعلےٰ ممبر میونسپل بورڈ تھانہ کنڈہ کے مقرر کیے جاتے ہین - صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون - اور ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر واقع ۳۰ مئی ۱۹۲۵ء

آج مینے دفتر میونسپلٹی اور چونگی کا معائنہ کیا جملہ ملازمان متعینہ صیغہ جات حاضر پائے - ملازمان مندرجہ تحت کی تنخواہ قلیل ہے - خدمات متعلقہ نہایت محنت سے انجام دیتے ہین - بر خاستگی سترکس گاڑیبانان و نعلبند کی تنخواہ مین مبلغ اکتالیس ؏ روپیہ ماہوار کی گنجایش ہے - رقم تخفیف شدہ مین سے مبلغ انیس ؏ روپیہ ماہوار کے اضافہ حسب تفصیل تحت یکم جون ۱۹۲۵ء سے منظور کیے جاتے ہین - لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجراے احکام صدر کو مرسل ہو -

نمبر شمار	نام ملازم	عہدہ	تنخواہ موجودہ	اضافہ ماہوار	کل	کیفیت
۱	اختر الدین خان	نائب سپرنٹنڈنٹ	سعہ	ع	ریعہ	علاوہ الاونس پانچ روپیہ ماہوار
۲	محمد امین خان	"	سعہ	ع	ریعہ	"
۳	حافظ مصطفےٰ خان	جمعدار	معہ	ع	معہ	
۴	صاحبزادہ سید محمد حسین خان بہادر	گرداور	معہ	ع	معہ	
۵	صاحبزادہ احمد حسین خان	جمعدار	عہ	عہ ر	معہ	
۶	سید محبت شاہ	"	سعہ	ع	عسہ	
۷	سید علیخان وردی پوش	سپاہی	سے	ع	عہ	بوجہ سواری سائیکل
۸	صاحبزادہ سید عابد علی خان بہادر	سپاہی بیرونجات چونگی	سے	عہ ر	لعہ	
۹	چھٹن خان	"	؎	۸ ر	سے	
۱۰	فدا علی خان	سپاہی بیرونجات چونگی	؎	۸ ر	سے	
۱۱	محمود خان	"	؎	۸ ر	سے	
۱۲	قدرت علیخان	"	؎	۸ ر	عہ	
۱۳	عابد علی خان	"	؎	۸ ر	عہ	
۱۴	عطاء اللہ خان	"	؎	۸ ر	عہ	
۱۵	سراج الحق	"	؎	۸ ر	عہ	
۱۶	بہلن	"	؎	۸ ر	عہ	
۱۷	سید جان میان	"	؎	۸ ر	عہ	
۱۸	لڈن خان	"	؎	۸ ر	عہ	
۱۹	امیر احمد خان	محرر چونگی	؎	۸ ر	عسہ	
۲۰	امانت علی خان	سپاہی چونگی	؎	۸ ر	سے	
۲۱	کرپا دیال	خزانچی چونگی	؎	عہ ر	سے	اسے چونگی میں محرر کا کام بھی انجام دینا پڑتا ہے
۲۲	رام پرشاد	محرر صیغہ دفتر چونگی	لعہ	عہ	عسہ	
۲۳	مرزا اصغر علی بیگ	جمعدار	معہ	ع	معہ	بجاے تنزل شدہ دو روپیہ اضافہ کیا گیا -
۲۴	عظمت علی خان	سپاہی بیرونجات چونگی	سے	عہ	لعہ	
۲۵	صاحبزادہ سید محمد حسین خان بہادر	جمعدار	عسہ	عہ	لعسہ	
۲۶	محمد نبی خان	سپاہی	؎	۸ ر	لعہ	
۲۷	فدا علی خان	چونگی سپاہی	سے	۸ ر	؎	
۲۸	حافظ محی الدین	جمعدار	معہ	ع	معہ	
					(لوعہ)	

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۶ جولائی لغایت ۱۲ جولائی سنہ ۱۹۲۷ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد بارش	درجہ حرارت	تعداد بارش	درجہ حرارت	تعداد بارش	درجہ حرارت	تعداد بارش	درجہ حرارت	تعداد بارش	درجہ حرارت	تعداد بارش	درجہ حرارت
۶ جولائی ۱۹۲۷ء یوم چہارشنبہ	۷	۱۱۴	۳	۱۱۳	۳	۱۳۰	۷	۹۸	۱۱	۱۲۴	۰	۹۹
۷ ״ ״ پنجشنبہ	۲	۱۱۴	۳½	۱۱۵½	۲	۱۳۰	۶	۱۰۴	۰	۱۲۴	۵	۱۰۴
۸ ״ ״ جمعہ	۱۰	۱۱۷	۴	۱۱۹½	۹	۱۳۹	۰	۱۰۴	۰	۱۲۴	۰	۱۰۴
۹ ״ ״ شنبہ	۰	۱۱۷	۰	۱۱۹½	۰	۱۳۹	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۱۲۴	۰	۱۰۴
۱۰ ״ ״ یکشنبہ	۰	۱۱۷	۰	۱۱۹½	۰	۱۳۹	״	۰	۴	۱۲۸	۰	۱۰۴
۱۱ ״ ״ دوشنبہ	۰	۱۱۷	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۱۳۹	״	۰	۰	۱۲۸	۰	۱۰۴
۱۲ ״ ״ سہ شنبہ	۰	۱۱۷	״	۰	۰	۱۳۹	״	۰	۰	۱۲۸	۰	۱۰۴

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۸ لغایت ۱۴ جولائی سنہ ۱۹۲۷ء ہفتہ دوم

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ار	۰	۷ ۴ ار	۰	۹۰ ار	۷ ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۷ ار	۰	۹ ار	۰	۸۰ ار	۸ ار	
نخود گیہوں آمیز	۵ ار	۰	۹ ار	۰	۹ ار	۸۰ ار	
[illegible]	۹۰ ار	۰	۹۰ ار	۰	۹ ار	۹ ار	
ماش	۵۰ ار	۰	۵۰ ار	۰	۵۰ ار	۸۰ ار	
مونگ	۴۰ ار	۰	۰	۰	۰	۵ ار	
مکا	۹۰ ار	۰	۱۰ ار	۰	۱۱ ار	۸ ار	
جئی	۱۱ ار	۰	۱۲۰ ار	۰	۱۱ ار	۱۰ ار	
کوجی	۱۱ ار	۰	۱۰ ار	۰	۱۱ ار	۹ ار	
عدس	۷ ار	۰	۷ ار	۰	۶ ار	۶ ار	
ارہر	۶ ار	۰	۶ ار	۰	۶ ار	۶ ار	
برنج	۴۰ ار	۰	۴ ار	۰	۰	۵ ار	
روغن زرد	۷ چھٹانک	۷ چھٹانک	״	۰	۰ ار	۷ چھٹانک	
روغن سیاہ	۰	۰	۱ ار	۰	۱ ار	۱ ار	
روغن کنجد	۱ ار	۰	۱ ار	۰	۱ ار	۱ ار	
نمک سانبھر	۱۳ ار	۰	۱۱ ار	۰	۱۲ ار	۱۳ ار	
نمک لاہوری	۱۶ ار	۰	۱۶ ار	۰	+	۸ ار	
قند سیاہ	۷ ار	۰	۷ ار	۰	۸ ار	۸ ار	
باجرہ	۱۶ ار	۰	۰	۰	۰	۸ ار	
						[illegible]	